Ph. : (01336) 222429 Fax : 222768

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مرکزی دفتر

رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند

RABTA MADARIS -E- ISLAMIA ARABIA
Darul-Uloom, Deoband (U.P.) 247554 India
E-Mail: info@darululoom-deoband.com

تاریخ ..........................

حوالہ ..........................

# دارالعلوم دیوبند میں کل ہند رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ کی مرکزی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس اختتام پذیر

## معاشرے کی اصلاح، فتنوں کے تعاقب اور نئی نسل کے دین وایمان کی حفاظت میں علماء کرام اپنا نمایاں کردار ادا کریں- مولانا ارشد مدنی

۱۲ر نومبر، دیوبند (پریس ریلیز)

۱۱ر نومبر منگل کو کل ہند رابطہ مدارس اسلامیہ دارالعلوم دیوبند کی مرکزی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس مہمان خانۂ دارالعلوم میں حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم نعمانی صاحب مہتمم وشیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند وصدر رابطہ مدارس اسلامیہ کی صدارت میں منعقد ہوا، بعد نماز مغرب جناب قاری محمد آفتاب صاحب امروہوی استاذ تجوید وقراءت دارالعلوم دیوبند کی تلاوت قرآن سے اجلاس کی دوسری نشست کا آغاز ہوا۔

اجلاس میں نظامِ تعلیم وتربیت کی بہتری واستحکام، مدارس کے داخلی انتظامات کی بہتری، فکری ارتداد کی روک تھام، فرق باطلہ کا تعاقب اور اصلاحِ معاشرہ، تدریب المعلمین اور اجتماعی سالانہ امتحانات کے استحکام، مدارس اسلامیہ کو درپیش خطرات کے مقابلے، وقف جائیدادوں کے تحفظ کی تدابیر، مکاتب دینیہ کے نظام میں استحکام، اور رابطے کی صوبائی شاخوں سے متعلق امور وغیرہ پر غور وخوض کرکے اہم فیصلے لیے گئے۔

دارالعلوم دیوبند کے مہتمم وشیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم نعمانی صاحب زید مجدہم صدر کل ہند رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند نے اجلاس میں ملک بھر سے تشریف لائے ہوئے مرکزی مجلس عاملہ کے ارکان ومدعوین خصوصی اور نمائندگان کو صدارتی خطاب کرتے ہوئے اور بعض صوبوں میں مدارس کے خلاف حکومتی کارروائی اور نوٹس کا جائزہ پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ مدارس اسلامیہ کے تحفظ کے لیے ضروری ہے کہ ماہرین قانون کے مشورے سے کمزوریوں کو دور کیا جائے، حسابات سالانہ آڈٹ کرائے جائیں، تعمیرات کا نقشہ منظور کرایا جائے، قانونی تقاضوں کی تکمیل کی جائے اور حکومتی ضابطہ کے مطابق مدارس کے نظام کو استوار رکھا جائے۔

دارالعلوم دیوبند کے صدر المدرسین حضرت مولانا سید ارشد مدنی صاحب زید مجدہم صدر جمعیۃ علماء ہند نے فرق باطلہ کی تردید، فتنۂ شکیلیت، گوہر شاہی اور دیگر فتنوں کے حوالے سے فرمایا کہ احادیث کے ابواب الفتن میں مذکور اصولوں اور ہدایات پر قائم رہ کر فتنوں کے سدباب کے لیے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ نئی نسلوں میں فکری آزادی کے بڑھتے رجحان پر اظہار افسوس کرتے ہوئے فرمایا کہ موجودہ ماحول میں اساتذہ اور سرپرستوں کے لیے ضروری ہوگیا ہے کہ وہ اپنے بچوں کی صحیح اور دینی تربیت کو لازم سمجھیں۔

جناب مولانا مشتاق احمد عنفر صاحب صدر آل آسام تعلیمی ترقی بورڈ نے اپنے مختصر اظہار خیال میں مدارس اسلامیہ میں قرآن فہمی اور آئندہ نسلوں میں قرآن کریم کی تفاسیر سے دلچسپی پیدا کرنے کے طریقۂ کار پر زور دیا۔

جناب مولانا اشہد رشیدی صاحب نے فرمایا کہ دارالعلوم اور مدارس اسلامیہ محض تعلیم گاہ ہی نہیں بلکہ ایک تحریک بھی ہے، اس لیے عوامی تحریک کی فضاء قائم کرکے عوام الناس کو قرآن وسنت کی تعلیمات اور ان میں مذکور احکامات سے جوڑنے کی سعی کرنے کی ضرورت ہے۔

دیگر اظہار خیال کرنے والوں میں حضرت مولانا نعمت اللہ صاحب اعظمی، حضرت مولانا مفتی محمد راشد صاحب اعظمی نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند، جناب مولانا مفتی اشفاق احمد صاحب سرائے میر، جناب مولانا منظور عالم صاحب ہگلی، جناب مفتی اقبال احمد صاحب کان پور، جناب حافظ عبدالقدوس ہادی صاحب کان پور، جناب مولانا زبیر احمد صاحب نوح، جناب مولانا ممتاز احمد صاحب قاسمی شملہ، جناب مولانا محمد احمد خاں صاحب بھوپال، جناب مولانا محمد اقبال صاحب تمل ناڈو اور جناب مولانا عبدالکریم صاحب آندھرا وغیرہ کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔

جناب مولانا شوکت علی قاسمی بستوی ناظم عمومی کل ہند رابطہ مدارس واستاذ حدیث دارالعلوم نے اجلاس کی دونوں نشستوں میں نظامت کے

Ph. : (01336) 222429 Fax : 222768

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مرکزی دفتر

# رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند

# RABTA MADARIS -E- ISLAMIA ARABIA

Darul-Uloom, Deoband (U.P.) 247554 India
E-Mail: info@darululoom-deoband.com

تاریخ ....................

حوالہ ....................

فرائض انجام دیئے اور رابطہ کی گذشتہ مجلس عاملہ کی کارروائی پڑھ کر سنائی اور مرکزی دفتر رابطہ کی سالانہ رپورٹ بھی پیش کی، جس میں مختلف صوبوں کی کارکردگی کا جائزہ بھی شامل تھا، رپورٹ میں رابطۂ مدارس بورڈ کے تحت مختلف صوبوں میں سالانہ اجتماعی امتحانات کی تفصیلات بھی پیش کیں۔

اجلاس میں اوقاف سے متعلق جاری کردہ ''امید پورٹل'' پر وقف جائدادوں کے املاک کو اپلوڈ کرنے کے طریقۂ کار اور الیکشن کمیشن کی جانب سے بعض صوبوں میں جاری ہونے والی ایس آئی آر سے متعلق ہدایات پر بھی گفتگو کرکے ذمہ داران مدارس کی توجہ مبذول کرائی گئی۔

اجلاس کی آخری نشست میں حضرت مولانا محمد عاقل صاحب گڈھی دولت، حضرت مولانا مفتی محمد خلیل صاحب قاسمی پنجاب، حضرت مولانا عبدالخالق صاحب مدراسی نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا مفتی محمد امین صاحب پالنپوری، حضرت مولانا مجیب اللہ صاحب گونڈوی، حضرت مولانا مفتی محمد یوسف صاحب تاؤلوی، حضرت مولانا سید محمد صالح صاحب مظاہری، حضرت مولانا محمد نسیم صاحب بارہ بنکوی، حضرت مولانا محمد سلمان صاحب بجنوری، حضرت مولانا حسین احمد صاحب ہریداواری، جناب مولانا قاری شوکت علی صاحب ویٹ، جناب مولانا محمد اسجد صاحب قاسمی مرادآباد، جناب مولانا عبدالقوی صاحب حیدرآباد، جناب مولانا قاری محمد امین صاحب پوکرن، جناب مولانا مفتی ریاست علی صاحب اتراکھنڈ، جناب مولانا عبدالقادر صاحب آسام، جناب مولانا زین العابدین صاحب کرناٹک، جناب مولانا علی حسن صاحب مظاہری شمالی ہریانہ، جناب مولانا مفتی محمد فاروق صاحب اڈیشہ، جناب مفتی سراج احمد صاحب منی پور، جناب مولانا محمد ابراہیم صاحب کیرالا، جناب مولانا مفتی صلاح الدین صاحب تمل ناڈو، جناب مولانا محمد اسحاق صاحب جھارکھنڈ، جناب مولانا عبدالقدیم صاحب ہاپوڑ، جناب مولانا شوکت علی صاحب جھن جھنوں، جناب مفتی محمد امتیاز ولنوی صاحب گجرات، جناب مولانا مجاہدالاسلام صاحب قاسمی آسام، جناب مفتی ذکاوت حسین قاسمی دہلی، جناب مفتی طیب الرحمٰن صاحب تری پورہ، جناب مولانا محمد نجم الحق صاحب مرشدآباد بنگال، جناب مولانا عنایت اللہ صاحب جموں اور جناب مولانا محمد ہارون صاحب مدنی نیپال وغیرہ حضرات شریک رہے۔

دیگر شرکاء میں جناب مولانا ضیاء اللہ صاحب بھوپال، جناب مولانا عبداللہ خالد صاحب قاسمی سہارنپور جناب مولانا فخرالدین صاحب مغربی بنگال، جناب مولانا عبدالسلام صاحب مغربی بنگال وغیرہ کے اسماء شامل ہیں۔

اجلاس کے آخر میں گذشتہ مجلس عاملہ کے بعد سے اب تک وفات پانے والے حضرات ارکان شوریٰ، حضرات علماء کرام، دانشوران ملت، ارکان عاملہ رابطہ اور بہی خواہان کے لیے دعائے مغفرت کی گئی اور تجویز تعزیت بھی منظور کی گئی۔

ساڑھے آٹھ بجے شب کو صدر اجلاس حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم نعمانی صاحب دامت برکاتہم مہتمم وشیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند وصدر رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ کی دعا پر دونشستوں پر مشتمل رابطہ کی مجلس عاملہ کا اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

================================

**جاری کردہ: مرکزی دفتر رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند**

یہ خبر اخبارات میں شائع کردی جائے۔

ابوالقاسم نعمانی

مہتمم دارالعلوم دیوبند

۱۴۴۷/۵/۲۰ھ